JDW Group

جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ

17-عابد مجید روڈ، لاہور کینٹ، لاہور

نوٹس برائے 34 واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کا 34 واں سالانہ اجلاسِ عام سمٹ ہال، رائل پام گولف اینڈ کنٹری کلب، 52- کینال بینک روڈ، لاہور میں بروز ہفتہ 27 جنوری 2024ء کو صبح 10:00 بجے درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

عمومی اُمور:

1- 28 جنوری 2023ء کو منعقدہ گذشتہ سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2- 30 ستمبر 2023ء کے مالی سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ انفرادی اور مشترکہ گوشوارے معہ ان پر چیئرمین، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظور کرنا۔

3- سال مختتمہ بابت 30 ستمبر 2023ء کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 03 جنوری 2024ء کو سفارش کردہ حتمی نقد منافع منقسمہ بابت مبلغ -/15 روپے (150%) فی حصص بمعہ عبوری نقد منافع منقسمہ مبلغ -/25 روپے (250%) فی حصص پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے جس سے کل منافع سال مختتمہ 30 ستمبر 2023ء کے لئے مبلغ -/40 روپے (400%) ہوگا کی منظوری۔

4- اگلے مالی سال 2024-2023 کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے طے کرنا۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز ریاض احمد، ثاقب، گوہر اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کے لئے خود کو پیش کیا ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر ان کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

خصوصی اُمور:

5- مندرجہ ذیل قراردادوں کو ترمیم، اضافے یا حذف کے ساتھ یا اس کے بغیر، بطور خصوصی قرارداد، غور وخوض اور اگر مناسب سمجھا جائے تو منظور کرنا، جس سے کمپنی اپنے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمعہ متعلقہ رپورٹس اپنے شیئر ہولڈرز کو AGM نوٹس میں بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک بھیج سکے گی:-

a) "قرار پایا جاتا ہے کہ جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ کے ممبران کی باہمی رضامندی اور منظوری سے کمپنی کو اختیار دیا جاتا ہے کہ بروئے SECP نوٹیفکیشن نمبر S.R.O. 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023، کمپنی اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمعہ متعلقہ رپورٹس اپنے شیئر ہولڈرز کو AGM نوٹس میں بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک بھیج سکتی ہے، اور اس کے نتیجے میں سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمعہ متعلقہ رپورٹس اب سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی میں بھیجنے کا سلسلہ منقطع کیا جاتا ہے۔

b) مزید قرار پایا کہ جناب مقصود احمد ملہی، کمپنی سیکرٹری/لیگل ہیڈ درج بالا قرارداد کے مکمل نفاذ کیلئے درکار تمام امور، اقدامات اور عوامل جو اس مقصد کو پورا کرنے اور قرارداد کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ضروری ہیں، کو انجام دینے کے مجاز ہوں گے۔"

6- صاحب صدر کی اجازت سے دیگر امر پر کارروائی کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت خصوصی کاروبار کے حوالے سے بیانات مذکورہ بالا کے ساتھ منسلک ہیں

بحکم بورڈ
(مقصود احمد ملہی)
(کمپنی سیکریٹری/لیگل ہیڈ)

بمقام: لاہور
مورخہ: 05 جنوری 2024ء

مندرجات:

A- عمومی امور

i) تمام اراکین سالانہ اجلاسِ عام ("AGM") میں شرکت اور رائے شماری کے اہل ہیں۔

ii) کمپنی کے شیئر ٹرانسفر کھاتہ جات بروز جمعہ 19 جنوری 2024ء سے بروز ہفتہ 27 جنوری 2024ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ بروز جمعرات 18 جنوری 2024ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، وینگارڈ آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور (شیئر رجسٹرار) کو موصول ٹرانسفرز کو بروقت وصولی شمار کیا جائے گا اور انہیں ڈیوٹڈ وصول کرنے اور AGM میں رائے شماری کا حق حاصل ہوگا۔

iii) اراکین سے درخواست ہے کہ وہ شیئرز رجسٹرار/کمپنی/متعلقہ بروکرز کو فوراً مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کریں:

a) اپنی رابطہ کی تفصیلات/پتہ میں تبدیلی

b) IBAN زیر دفعہ 242 کمپنیز ایکٹ 2017ء ("ایکٹ") بذریعہ میندیٹ فارم جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے

c) CZ-50 فارم (زکوٰۃ سے استثنیٰ)

iv) ایسے اراکین جو کسی وجہ سے اپنے گذشتہ منافع منقسمہ/حصص (اگر کوئی ہے) حاصل نہیں کر سکے تو ان سے گذارش ہے کہ وہ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار سے رابطہ کر کے ان کی وصولی سے متعلق معلومات حاصل کریں۔

v) ایکٹ کے سیکشن 134(1)/132(2) اور حکومت پاکستان/SECP کی ہمہ وقت جاری کردہ ہدایات کے مطابق کمپنی نے AGM میں فاصلاتی (virtual) شرکت کے لئے ضروری انتظامات کئے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے اراکین AGM کے انعقاد سے دو (02) یوم قبل اپنے شناخت/رائے کے ساتھ maqsoodmalhi@jdw-group.com سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

B- AGM میں شرکت اور شناخت کے لئے

i) فرد واحد کی صورت میں: اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر یا پاسپورٹ نمبر شناخت کے لئے پیش کیا جائے۔

ii) ادارے کی صورت میں: بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نمائندے کے نمونہ دستخط شناخت کے لئے پیش کئے جائیں۔

C- پراکسیز کی تقرری کے لئے

AGM میں شرکت اور رائے شماری کے اہل اراکین اپنی جگہ AGM میں شرکت اور رائے شماری کے لئے تحریری طور پر پراکسی/نمائندہ مقرر کر سکتے ہیں۔ باقاعدہ مکمل پراکسی فارم AGM کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئرز رجسٹرار کو لازماً جمع کرایا جائے۔ پراکسی فارم مکمل پُر شدہ/کارآمد ہونا چاہئے اور مندرجہ ذیل ساتھ منسلک ہونے چاہئیں:

a) دو افراد سے گواہ شدہ

b) رکن اور پراکسی/نمائندے کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول

D- CDC اکاؤنٹ میں فزیکل حصص کی تبدیلی

فزیکل حصص کے مالک اراکین کو اپنے حصص ایکٹ کے سیکشن 72 کے تحت CDC میں تبدیل کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔

E- شیئر ہولڈنگ تناسب کی تجدید

اپنی شیئر ہولڈنگ کی تناسب کی تجدید نہ کرانے والے مشترکہ شیئر ہولڈرز کی متناسب شیئر ہولڈنگ کو (50:50) کا تناسب شمار کیا جائے گا۔

F- ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کی اشاعت

30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر مالی سال کے لئے کمپنی کی آڈٹ شدہ گوشوارے بمعہ رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی شائع کر دی جائیں گی۔

G- خصوصی کاروباری قراردادوں کی پولنگ

ممبران کو بروئے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ترمیم شدہ بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر S.R.O 2192(I)/2022 مورخہ 05 دسمبر 2022 اور S.R.O 905(I)/2023 مورخہ 07 جولائی 2023ء ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کی سہولت مہیا کی جا رہی ہے۔

H- ای ووٹنگ کا طریقہ کار

a) ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے اُن ممبران کو ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے مؤثر CNIC نمبرز، ای میل نمبرز، اور ای میل ایڈریس (رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی) کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس 19 جنوری 2023ء تک پائے گئے موجود ہوں۔

b) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا اراد ہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

c) ای ووٹنگ کی سہولت بروز بدھ، 24 جنوری 2024ء صبح 09:00 بجے سے بروز جمعہ 26 جنوری 2024ء کو شام 05:00 بجے تک مہیا کی جائے گی۔

d) ممبران اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

I- پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ صحیح طریقے سے پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین تک کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، 17- عابد مجید روڈ، لاہور کینٹ، لاہور پر بروز 26 جنوری 2024ء تک ڈاک کے ذریعے یا chairman@jdw-group.com پر ای میل کے ذریعے پہنچیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔